© rasailojaraid.com

# مطبوعات

تفسیر سورہ کوثر تالیف مولٰنا حمید الدین فراہی رحمۃ اللہ۔ ترجمہ مولٰنا امین احسن اصلاحی ضخامت تقریباً سوا سو صفحات قیمت ۸ر۔ دائرۂ حمیدیہ، سرائے میر (ضلع اعظم گڈھ)۔

ناظرین ترجمان القرآن کو یاد ہوگا کہ مولانا حمید الدین مرحوم کی اس تفسیر کا ترجمان صفحات میں باقساط شائع ہو چکا ہے۔ اب وہی چیز ایک مستقل رسالہ کی صورت میں دائرہ حمیدیہ سے شائع ہوی ہے مصنف علّام نے عموماً قرآن مجید کی چھوٹی چھوٹی صورتوں کے اسرار و معارف بڑی تفصیل کے ساتھ بیان کیے ہیں اور ان کے عمود نظم کلام موقع و محل اور جامع الفاظ پر اس قدر تفصیل کر نگاہ ڈالی ہے کہ ہر سورت اکثر و بیشتر مضامین قرآنی کا ایک جامع خلاصہ نظر آنے لگتی ہے لیکن خصوصیت کے ساتھ سورۂ کوثر کی تفسیر میں وہ اپنے انتہائی کمال کو پہنچ گئے ہیں۔ معنی کوثر کی تحقیق، عطیۂ کوثر کے بعد ہی صلوٰۃ اور نحر کا حکم دینے کی حکمت، پھر صلواۃ و نحر کے باہمی تعلق، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو نعمت کوثر سے سرفراز کرنے کے ساتھ کفار کو ابتر قرار دینے کی وجہ اور اس سے فتح مکہ کی کھلی ہوئی بشارت نکلنے پر انہوں نے غایت درجہ بالغ نظری کے ساتھ کلام کیا ہے اور ایسے ایسے نکات بیان کئے ہیں کہ اس چھوٹی سی صورت کی عظمت کا سکہ دل پر بیٹھ جاتا ہے حالانکہ یہ وہی سورت ہے جس کو لوگ یونہی رواروی میں پڑھ جاتے ہیں مولٰنا نے فصل لربک وانحر کی جو تفسیر بیان فرمائی ہے، اسے خاص طور پر ان حضرات کو غور سے پڑھنا چاہیے جو آج کل قربانی کو ایک مہمل اور فضول رسم قرار دے رہے ہیں اور اسلامی زندگی کے پروگرام سے اس کو خارج کر دینا چاہتے ہیں۔

تفسیر سورہ طب تالیف مولٰنا حمید الدین فراہی رحمۃ اللہ۔ ترجمہ مولٰنا امین احسن اصلاحی ضخامت ۴۲ صفحات قیمت ۶ر۔ دائرۂ حمیدیہ۔ سرائے میر (ضلع اعظم گڑھ)۔

© rasailojaraid.com